StudentBounty.com

Roll No. | | | | | | |    Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ___________    Sig. of Invigilator.____________

# اُردو اختیاری    ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 25 منٹ    حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف رب رج رد میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔**

(i) سرسیّد احمد خاں سے تعلق رکھنے والے شخص کو کیا سمجھا جاتا تھا؟
الف۔ مقہور    ب۔ محکوم
ج۔ مردود    د۔ مظلوم

(ii) مولوی وحید الدین کو کیا وضع کرنے میں خاص ملکہ تھا؟
الف۔ محاورہ    ب۔ روزمرّہ
ج۔ اصطلاحات    د۔ الفاظ کے معانی

(iii) سقراط کا باپ پیشے کے اعتبار سے کیا تھا؟
الف۔ سنار    ب۔ کاشتکار
ج۔ تاجر    د۔ بت تراش

(iv) عربی لفظ 'عیش' ابتداء میں کن معنوں میں استعمال ہوتا تھا؟
الف۔ بمعنی زندگی    ب۔ بمعنی سکون
ج۔ بمعنی خوشی    د۔ بمعنی لذّت

(v) قرآن نے کتابیں پڑھ کر انہیں نہ سمجھنے والے کو کس جانور سے تشبیہ دی ہے؟
الف۔ خچّر    ب۔ اونٹ
ج۔ گھوڑا    د۔ گدھا

(vi) فکر تونسوی کی وجہِ شہرت کیا ہے؟
الف۔ سیاست    ب۔ تجارت
ج۔ طنز و مزاح    د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(vii) مشتاق احمد یوسفی کو کس تصنیف پر 'آدم جی' ایوارڈ ملا؟
الف۔ چراغ تلے    ب۔ آبِ گم
ج۔ خاکم بدہن    د۔ زرگزشت

(viii) 'کافی' کس ملک کا قومی مشروب ہے؟
الف۔ چین    ب۔ امریکہ
ج۔ جاپان    د۔ برطانیہ

(ix) ''سفرنصیب'' کس کی تخلیق ہے؟
الف۔ مختار مسعود    ب۔ مہدی افادی
ج۔ رشید احمد صدیقی    د۔ وزیر آغا

(x) ''بہارستان'' کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟
الف۔ محسن کاکوروی    ب۔ مولانا ظفر علی خاں
ج۔ حفیظ تائب    د۔ ماہر القادری

StudentBounty.com

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

(xi) محسن کاکوروی کا تخلص کیا ہے؟

الف۔ حجازی　　ب۔ تیر
ج۔ محسن　　د۔ کاکوروی

(xii) کس شاعر کو سب سے پہلا مثنوی نگار قرار دیا جاتا ہے؟

الف۔ میر تقی میر　　ب۔ میر حسن
ج۔ نظامی دکنی　　د۔ دیا شنکر نسیم

(xiii) خانہ باغ کی ترتیب پر کس نے رشک کیا؟

الف۔ گلاب نے　　ب۔ لالہ نے
ج۔ چنبیلی نے　　د۔ نرگس نے

(xiv) جب بادشاہ نابینا ہوا تو وہ کہاں سے آ رہا تھا؟

الف۔ گاؤں سے　　ب۔ شہر سے
ج۔ محل سے　　د۔ شکار گاہ سے

(xv) خواجہ میر دردؔ کی شاعری کا اہم موضوع کیا ہے؟

الف۔ منظر نگاری　　ب۔ تصوف
ج۔ مرثیہ　　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xvi) میر تقی میرؔ آغازِ جوانی میں کہاں آ گئے تھے؟

الف۔ لکھنؤ　　ب۔ بنارس
ج۔ دِلّی　　د۔ حیدر آباد

(xvii) مصحفیؔ کا آبائی شہر کون سا تھا؟

الف۔ دہلی　　ب۔ کلکتہ
ج۔ فیض آباد　　د۔ امروہہ

(xviii) مومنؔ کی وفات کیسے ہوئی؟

الف۔ ڈوب جانے سے　　ب۔ چھت سے گرنے سے
ج۔ گولی لگنے سے　　د۔ برق گرنے سے

(xix) دیے گئے شعر میں صنعت کی نشاندہی کریں: ''ہر زخم جگر داورِ محشر سے ہمارا　　انصاف طلب ہے تیری بیدادگری کا''

الف۔ کنایہ　　ب۔ صنعت تضاد
ج۔ مجاز مرسل　　د۔ صنعت لف و نشر

(xx) استعارہ کے لفظی معنی کیا ہیں؟

الف۔ ادھار لینا　　ب۔ ادھار دینا
ج۔ ادھار مانگنا　　د۔ ادھار کرنا

---

برائے ممتحن:　　کُل نمبر: 20　　حاصل کردہ نمبر: ☐

StudentBounty.com

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 2:35 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　کُل نمبر حصّہ دوم اورسوم: 80

نوٹ: حصّہ ''دوم'' اور ''سوم'' صفحات 2 - 1 پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پردیں۔ ایکسٹراشیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصّہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (10x3=30)

(i) تیسری شب کو حضورؐ نماز تراویح کے لیے مسجد تشریف کیوں نہ لائے؟

(ii) فلاسفہ یونان کے مطابق کون سی دو چیزیں نہایت موزوں ہیں؟

(iii) ڈاکٹر وزیر آغا نے ترتیب کے کون کون سے پہلوؤں کو ہدف تنقید بنایا ہے؟

(iv) فکر تونسوی کی ادبی زندگی کا باقاعدہ آغاز کب ہوا؟

(یا)

اکبرالہ آبادی کے نام خط میں علامہ اقبالؒ نے کن جذبات واحساسات کا اظہار کیا ہے؟

(v) مشتاق احمد یوسفی کے فن کے بارے میں مجنوں گورکھپوری کی کیا رائے ہے؟

(vi) ارکان استعارہ کی وضاحت کریں اور ایک شعر کی مثال دیجیے۔

(vii) درج ذیل تراکیب کی وضاحت کیجیے:

کمر ہمت ، شش وپنج میں پڑنا ، کفِ افسوس ملنا

(یا)

'بُری گھڑی میں کام آتی ہے بس اچھوں کی یاری' میاں محمد بخشؒ کی نظم کے حوالے سے وضاحت کریں۔

(viii) مثنوی سحرالبیان اپنے عہد کی آئینہ دار ہے۔وضاحت کیجیے۔

(ix) میرتقی میرؔ کی غزل کی خصوصیات مختصراً بیان کریں۔

(x) تشبیہ کے ارکان بیان کریں اور ایک شعر کی مثال دیجیے۔

(یا)

کنایہ کی تعریف کریں اور ایک شعر کی مثال دیجیے۔

سوال نمبر۳: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ مخالفت سہنے کا ان میں عجیب وغریب مادہ تھا۔کیسا ہی اختلاف ہو وہ صبر کے ساتھ سہتے رہتے تھے۔جواب دیتے تھے لیکن حجت نہیں کرتے تھے۔بعض اوقات نامعقول بات اور کٹ حُجتی پر غصہ آتا تھا لیکن ضبط سے کام لیتے تھے۔ ضبط اور اعتدال ان کے بہت بڑے اُوصاف تھے اور یہ دو خوبیاں ان کے کلام میں بھی کامل طور پر پائی جاتی ہیں ورنہ جوش میں آکر آدمی سررشتۂ اعتدال کھو دیتا ہے اور بہک کر کہیں کا کہیں نکل جاتا ہے اور بجائے کچھ کہنے کے چیخنے چلانے لگتا ہے۔

ب۔ ''آپ کا حکم سر ماتھے پر،لیکن پھر سوچتی ہوں اگر آپ کے ساتھ میں بھی قتل ہوگئی تو آپ کا سیاپہ خلوصِ دل سے کون کرے گا؟ ہماری تہذیب کی صدیوں سے یہی روایت ہے کہ خاوند کے سیاپے کے لیے بیوی کا زندہ رہنا ضروری ہے۔ کیا خیال ہے آپ کا؟ ویسے مجھے کوئی اعتراض نہیں۔''

StudentBounty.com

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+4=5)

الف۔ دلوں کو معرفت کے نور سے تُو نے کیا روشن
دکھایا بے نشاں ہو کر ہمیں اپنا نشاں تُو نے
اثر تیری عطاؤں پر نہیں پڑتا خطاؤں کا
جسے پیدا کیا اس کو دیا ہے آب و ناں تُو نے
مئے لاتقنطوا کے نشہ میں سرشار رہتا ہوں
یہ مستوں کو بخشی ہے حیاتِ جاوداں تُو نے

ب۔ عمارت کی خوبی دروں کی وہ شان
لگے جس میں زربفت کے سائبان
چھتیں اور پردے بندھے زرنگار
دروں پر کھڑی دست بستہ بہار
کوئی ڈور سے در پہ اٹکا ہوا
کوئی زہ پہ خوبی سے لٹکا ہوا

سوال نمبر۵: کوئی سے تین غزلیہ اشعار کی فرداً فرداً تشریح کیجیے اور ہر شعر کے خالق کا نام بھی لکھیے: (3+3+3=9)

الف۔ تجھ لب کی صفت لعل بدخشاں سوں کہوں گا
جادو ہیں ترے نین غزالاں سوں کہوں گا

ب۔ اُن نے قصداً بھی میرے نالے کو
نہ سنا ہو گا گر سنا ہو گا

ج۔ جدھر آنکھ پڑتی ہے تو روبرو ہے
ترا جلوہ سب میں ہے سب جائے تو ہے

د۔ بے نیازی حد سے گزری بندہ پرور، کب تلک
ہم کہیں گے حالِ دل اور آپ فرمائیں گے کیا

ہ۔ گزر اوقات کر لیتا ہے یہ کوہ و بیاباں میں
کہ شاہیں کے لیے ذلّت ہے کارِ آشیاں بندی

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۶: مزاح نگاری میں پروفیسر رشید احمد صدیقی نے ایک نئی طرح ڈالی ہے۔ بحث کیجیے۔ (10)

(یا)

پروفیسر رشید احمد صدیقی کی سوانح نگاری پر نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر۷: میر حسن کی منظر نگاری پر نوٹ لکھیں۔ (10)

(یا)

دیا شنکر نسیم کی شاعری پر نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر۸: سفرنامے کی نمایاں خوبیاں بیان کریں۔ (10)

(یا)

فرحت اللہ بیگ کے انداز نگارش پر نوٹ لکھیں۔